ادبیات

غزل

جناب آلم مظفر نگری

بھلا کب تک کوئی تکلیفِ سعیِ رائگاں دیکھے
قفس کی تنگیوں میں رہ کے خوابِ آشیاں دیکھے

وہی ہے عارفِ ہر جلوۂ ہستی، نظر جس کی
محبت میں محبت کو حجابِ درمیاں دیکھے

وہ سمجھے دور سے جو کچھ بھی لیکن چار تنکے ہیں
قریب آکر ذرا بجلی ہمارا آشیاں دیکھے

میں ہوں بیگانۂ ضبطِ وفا سچ ہے مگر وہ بھی
ذرا انصاف سے اپنا طریقِ امتحاں دیکھے

اسے تو پیروی کرنی ہے رسمِ بزمِ ماتم کی
کسے رونا ہے کیوں رونا ہے کیوں نوحہ خواں دیکھے

نہ دے آزار کوئی زندگی میں خستہ حالوں کو
زمیں کی گردشیں کیا کیا کہ رہی آسماں دیکھے

کھلا ہم پر نہ رازِ عیش و غم گلزارِ ہستی میں
بہاریں بھی کئی دیکھیں کئی دورِ خزاں دیکھے

نیاز و ناز کے ربطِ وفا سے دل بھی حیراں ہے
جبینِ شوق کو دیکھے کہ سنگِ آستاں دیکھے

بہاروں میں رہا جو لے نیازِ رنگ و بوئے گل
خزاں میں کیوں وہ انجامِ شبابِ گلستاں دیکھے

یہ اُٹھنا بیٹھنا ہی اُس کا تا منزل پہنچنا ہے
اسیرِ کارواں سعیِ غبارِ کارواں دیکھے

بتوفیقِ محبت خود نگر ہو جائے گر انساں
نگاہِ دل سے دل میں کائناتِ دو جہاں دیکھے

مآل اندیش اس کو کون سمجھے گا گلستاں میں
ذرّوں میں بجلیوں کی جو فروغِ آشیاں دیکھے

"ورائے شاعری چیزے دگر" جو دیکھنا چاہے
مری طرزِ سخن سمجھے مرا لطفِ بیاں دیکھے

مٹا دے زندگی میں لے آلم ہستیِ فانی کو
ہر اک عالم میں تا اس بے نشاں کا تو نشاں دیکھے